57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 346 | صفحات: 08 | ۱۷ دسمبر ۲۰۲۵ بروز بدھوار بمطابق ۲۵ جمادی الثانی ۱۴۴۷ | Wednesday 17th December 2025 | جلد نمبر 57



## اکشر پٹیل سیریز سے باہر

ہندوستان کو جنوبی افریقہ کے خلاف بقیہ میچز سے قبل بڑا دھچکا لگ گیا، آل راؤنڈر اکشر پٹیل بیماری کی وجہ سے جنوبی افریقہ کے خلاف جاری پانچ میچوں کی ہوم سیریز سے باہر ہوگئے۔ اکشر نے بالترتیب کٹک اور نیو چنڈی گڑھ میں پہلے دو ٹی ۲۰ میں واپسی کی تھی اور دھرم شالہ میں تیسرے میچ سے باہر ہوگئے تھے۔ (تفصیلات اندر)



## برینڈن القادسیہ کے ہیڈ کوچ مقرر

یورپی فٹبال میں ہلچل مچانے کے بعد معروف کوچ برینڈن راجرز نے اب سعودی پرو لیگ کا رخ کر لیا ہے۔ سابق سیلٹک اور لیورپول منیجر راجرز کو سعودی کلب القادسیہ کا نیا ہیڈ کوچ مقرر کر دیا گیا ہے۔ یہ تقرری اس وقت سامنے آئی ہے جب انہوں نے سات ہفتے قبل مشکلات کا شکار اسکاٹش کلب سیلٹک سے استعفیٰ دیا تھا۔ (تفصیلات اندر)

Let the victory over Polio continue with
Two Drops of Life

India is polio free. But polio still exists in few countries and it may come back.
Ensure your child's complete protection. Make sure polio vaccine is given every time so that India maintains its victory over polio.

Polio Day
21 December 2025
Sunday
In all districts
Ensure every child under 5 years of age gets polio drops everytime

Department of Information & Public Relations, J&K
@diprjk @dipr_jk @informationprjk Information & PR, J&K

DIPK-9023/25
Dated:16/12/2025



## ہمارا محبوب اور فاتح ترنگا دُنیا میں بلند ہو/ لیفٹیننٹ گورنر

## کچریال میں 108 فٹ بلند قومی پرچم کی نقاب کشائی کی، 1971ء کے شہداء اور فوجیوں کو خراج عقیدت

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے وِجے دیوس کے موقعہ پر آج اکھنور کے کچریال میں 108 فٹ بلند قومی پرچم کی نقاب کشائی کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے 1971 کی جنگ کے دوران اپنی بہادری اور قربانیوں سے ملک کا سر فخر سے بلند کرنے والے شہدا، فوجیوں اور افسروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اُنہوں نے جنگی سابق فوجیوں اور ویرناریوں کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا اور ان کی قوم کے لئے بہادری اور قربانی کو سلام پیش کیا۔ اُنہوں نے کہا،'' کچریال کی زمین نہ صرف تاریخی اہمیت رکھتی ہے بلکہ یہ اہل وطن کے لئے بھی ایک مقدس سرزمین ہے کیوں کہ یہاں کا ہر ذرہ ان بہادر فوجیوں کو شکر گزاری کے ساتھ یاد کرتا ہے جنہوں نے 1965 اور 1971 کی جنگوں میں ملک کی خودمختاری اور سالمیت کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی جانیں قربان کیں۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے جنرل آفیسر کمانڈنگ وائٹ نائیٹ کورز (16 کورز) لیفٹیننٹ جنرل پی کے مشرا کو 108 فٹ بلند قومی پرچم نصب کرنے کے اس قابلِ تحسین اقدام پر مُبارک باد دی۔ اُنہوں نے اس تاریخی اقدام میں فلیگ فاؤنڈیشن آف اِنڈیا کی شراکت کی بھی سراہنا کی۔ اُنہوں نے مزید کہا،'' ہمارا محبوب اور فاتح ترنگا دنیا میں بلند ہو۔ ہمارا ترنگا ہماری آزادی، ہماری عزت نفس، قربانیوں اور شہادت کی علامت ہے۔ ہمیں ایک ساتھ مل کر بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے عظیم مقصد کے حصول کے لئے آگے بڑھنا چاہیے۔'' اِس موقعہ پر وزیر برائے اُمور نوجوان و کھیل کود، ٹرانسپورٹ، خوراک، شہری رسدات و اُمور صارفین، سائنس و ٹیکنالوجی، اِنفارمیشن ٹیکنالوجی، اے آر آئی اینڈ ٹریننگز ستیش شرما، جنرل آفیسر کمانڈنگ اِن چیف ناردن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما، جی او سی وائٹ نائٹ کور (16 کور) لیفٹیننٹ جنرل پی کے مشرا، جی او سی 10 ریپڈ میجر جنرل ایچ ایس برار، کمانڈر پلن والا بریگیڈ بریگیڈیئر دایانند شرما، میجر جنرل آشم کوہلی (ریٹائرڈ)، چیف ایگزیکٹیو آفیسر، فلیگ فاؤنڈیشن آف اِنڈیا، سینئر اَفسران، جنگ کے سابق فوجی، ویرناری اور طلباً بھی موجود تھے۔



## وادی کے سات اضلاع میں CIK کی طرف سے چھاپے

سرینگر/ سی این ایس/ کاؤنٹر انٹیلی جنس کشمیر نے منگل کے روز وادی کشمیر کے مختلف اضلاع میں دہشت گردی سے متعلق ایک اہم معاملے میں بڑے پیمانے پر کارروائی کرتے ہوئے بارہ مختلف مقامات پر چھاپے مارے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق، یہ چھاپے وادی کے سات اضلاع میں اُس وقت ڈالے گئے جب پولیس اسٹیشن سی آئی کے میں درج ایف آئی آر کے تحت باقاعدہ سرچ وارنٹس حاصل کیے گئے۔ مذکورہ ایف آئی آر میں تعزیرات ہند کی دفعات کے/3

## سرینگر کے نٹی پورہ قبرستان سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد/ حکام

سرینگر/ یو پی آئی/ سرینگر کے نٹی پورہ علاقے میں واقع ایک قبرستان سے منگل کے روز سکیورٹی فورسز نے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا ہے۔ حکام کے مطابق یہ کارروائی ایک زیرِ تفتیش معاملے کے سلسلے میں انجام دی گئی۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ جموں و کشمیر پولیس کی ایک ٹیم نے فرانزک سائنس لیبارٹری (ایف ایس ایل) کی ٹیم اور ایک ایگزیکٹو مجسٹریٹ کی موجودگی میں قبرستان میں تلاشی کارروائی انجام دی۔/1

## بنگلہ دیش کی جنگ آزادی کے دوران ہندوستانی فوج کی بہادری

## آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے/ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام



نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور ہندوستانی فوج نے منگل کو 'وجے دیوس' کے موقع پر 1971 میں مسلح افواج کی طرف سے دکھائی گئی بہادری اور ہمت کو یاد کیا۔ اس دن کو یاد کرتے ہوئے، ایڈیشنل ڈائریکٹوریٹ جنرل آف پبلک انفارمیشن (اے ڈی جی پی آئی) نے ایکس پر لکھا کہ وجے دیوس صرف ایک تاریخ نہیں ہے، بلکہ یہ 1971 کی جنگ میں ہندوستانی مسلح افواج کی تاریخی اور فیصلہ کن فتح کی علامت ہے۔ 'وجے دیوس: 1971 کی جنگ کی ابدی کہانی' کے عنوان سے پوسٹ میں/2

## ادھم پور تصادم میں ایس او جی جوان جاں بحق، مزید دو اہلکار زخمی

## پورے علاقہ میں سکیورٹی فورسز نے ممکنہ فرار ہونے کے تمام راستوں کو سیل کیا



جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے ادھم پور ضلع کے مجالتا علاقے کے سون گاؤں میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائی دوسرے روز بھی جاری ہے۔ پیر کی شام شروع ہوئے تصادم میں ایک پولیس جوان کی شہادت کے بعد فورسز نے علاقے میں محاصرہ مزید سخت کر دیا ہے اور جنگلات میں چھپے دہشت گردوں کی تلاش کے لیے بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن چلایا جا رہا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق پیر کے روز ہونے والی جھڑپ میں ایک دہشت گرد کے زخمی ہونے کا شبہ ہے، جبکہ دو پولیس اہلکاروں کو گولیوں کے معمولی زخم آئے تھے۔ بعد ازاں اسپیشل آپریشن/5

## ڈوڈہ میں پاور ہاؤس کے قریب ایک تیرتی ہوئی نامعلوم لاش ملی

سرینگر/ سی این ایس/ ڈوڈہ ضلع میں منگل کو ایک پاور ہاؤس کے قریب ڈول ڈیم میں ایک تیرتی ہوئی نامعلوم لاش ملی ہے۔ حکام نے بتایا کہ لاش ڈیم کے پانی میں دیکھی گئی جس کے بعد پولیس کو اطلاع دی گئی۔ ایک ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور بازیافت اور شناخت کا عمل شروع کر دیا۔ حکام نے بتایا کہ متوفی کی شناخت اور لاش ڈیم میں کن حالات میں ختم ہوئی اس کا پتہ لگانے کی کوششیں جاری ہیں۔ لاش کو قانونی کارروائی کے لیے منتقل کیا جا رہا ہے۔

## لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے وجے دیوس پر یادگاری چادر چڑھائی

سرینگر/ یو این آئی/ فوج کی شمالی کمان کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے منگل کے روز وجے دیوس کے موقع پر مسلح افواج کے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک یادگاری چادر چڑھائی۔ انہوں نے اس موقع پر سابق فوجیوں کے ساتھ بھی بات چیت کی اور/4




NAAC GRADE A++

21st Convocation 2025
UNIVERSITY OF KASHMIR
December, 2025

UNIVERSITY OF KASHMIR
Hazratbal, Srinagar (J&K)-190006

NOTICE

The 21st **Convocation** of the University of Kashmir is being held in the **last week of December, 2025** at the Convocation Complex of the University. All the students who have been declared qualified for the award of **Ph.D, M.Phil, MD/MS Diploma in Anesthesiology/Ophthalmology and Gynecology** since the last Convocation held on **11th October, 2023** will be admitted to the Convocation for the conferment of Degrees. Besides, all the meritorious candidates who have secured **1st Position** in the following examinations held from **October 2023 to November, 2025** will also be admitted to the Convocation for the award of **Gold/Silver Medals and Cash Prizes:**

**BA/B.Sc/B.Com/BBA/BCA/IMBA/B.Tech/M.Tech/B.Sc-IT/MBBS /BDS/BUMS/BE,B.A.LLB, M.Pharma/B.Pharmacy, B.ED/B.P.Ed, MA/M.Sc/M.Com/MBA/MCA/MFC/MLIS/M.ED/M.P.ED, LLM /Honours exam in (Kamil) Kashmiri etc.**

The eligible candidates falling under above categories shall be required to register for attending the ensuing Convocation by submitting the online form, available on University Website: **https://uok.edu.in** along with a fees of ₹300/- on or before **23rd of December, 2025**, so that **special identity cards** are prepared well in time. Unregistered candidate shall not be allowed to attend the Convocation.

Further instructions to the registered students shall be notified separately on the University Website.

No :- F (21th -Convocation)Gen/KU/25
Dated:- 15th December, 2025.

Sd/- (Dr. Ashfaq Ahmed Zarri)
Joint Registrar (GENERAL)

DIPK NB-2767/25
Dated:16/12/2025

